# پریس کانفرنس

کراچی ۔۔۔26، جولائی 2009ء

**معزز صحافی حضرات!**

السلام علیکم!

سب سے پہلے تو ہم اس پریس کانفرنس میں تشریف لانے پر آپ کے بیحد مشکور ہیں۔آج کی پریس کانفرنس کا مقصد آپ اور آپکے توسط سے ملک بھر کے عوام کو سندھ دھرتی میں لسانی فسادات کرانے کی گھناؤنی سازش کے انکشاف سے آگاہ کرنا ہے۔

**معزز صحافی حضرات!**

جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ جمعہ کے روز کراچی کے علاقے صفورا گوٹھ میں مسلح دہشت گردوں نے جیۓ سندھ قومی محاذ کے چیئر مین بشیر خان قریشی پر قاتلانہ حملہ کیا۔اس قاتلانہ حملے میں بشیر قریشی اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے محفوظ رہے لیکن مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے جسقم ٹھٹھہ کے آرگنائزر مشتاق خاصخیلی شہید ہوگئے۔اس حملے کے دوران جسقم کے کارکنان کی جوابی کارروائی میں ایک حملہ آور حقیقی دہشت گرد ہلاک ہوگیا جسے سید مصطفیٰ زاہد عرف طیفی کے نام سے شناخت کیا گیا ہے۔مصطفیٰ زاہد حقیقی دہشت گردوں کا اہم رکن اور حقیقی دہشت گردوں کے سرغنہ کا نہ صرف دستِ راست تھا بلکہ اس کے ساتھ گرفتار بھی ہوا تھا۔جبکہ اس واقعہ میں زخمی ہونے والا حقیقی دہشت گرد عمران کالا ولد سلیمان کے نام سے شناخت کیا گیا ہے اور یہ 2002ء میں اسلحہ سمیت اپنے گھر سے گرفتار ہوا تھا۔

**معزز صحافی حضرات!**

قابل غور اور اہم بات یہ ہے کہ جسقم کے چیئر مین بشیر خان قریشی نے اپنی حالیہ پریس کانفرنس میں انکشاف کیا ہے کہ ہلاک اور زخمی ہونے والے حقیقی دہشت گردوں کی جیبوں سے اہم دستاویزات برآمد ہوئی ہیں جن میں ملیر کینٹ میں داخلے کا پاس اور ایک شناختی کارڈ شامل ہے جس کے مطابق مصطفیٰ زاہد ایک حساس ادارے کا سب انسپکٹر ہے۔جس کا سنجیدگی سے نوٹس لینا حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔

**معزز صحافی حضرات!**

یہ بات بھی آپ کے علم میں ہوگی کہ کراچی میں ٹارگٹ کلنگ کے تسلسل سے واقعات ہوئے اور گزشتہ سات ماہ کے دوران ایم کیوایم کے 32 کارکنان اور ہمدردوں کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا جاچکا ہے اور بشیر خان قریشی پر قاتلانہ حملے میں جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کے ملوث ہونے سے یہ بات کھل کر سامنے آچکی ہے کہ کراچی میں ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں کون ملوث تھا اور ان واقعات کے پس پردہ کونسی سازشیں کارفرما تھیں۔ہم سمجھتے ہیں کہ ایم کیوایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کا مقصد کراچی میں امن وامان کی صورتحال خراب کرنا تھا۔تاہم ایم کیوایم کے کارکنان نے اس سازش کو سمجھتے ہوئے صبر وتحمل کا مظاہرہ کیا اور پرامن رہ کر کراچی کا امن وسکون غارت کرنے کی سازش کو ناکام بنادیا۔لیکن اس گھناؤنی سازش میں ناکامی کے بعد سندھ دشمن قوتوں نے سندھ میں لسانی فسادات کرانے کی سازش کی۔اس گھناؤنی سازش میں جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کو استعمال کیا اور جسقم کے چیئر مین بشیر خان قریشی پر قاتلانہ حملہ بھی اسی سازش کا حصہ ہے تاکہ سندھ کے مستقل باشندوں کو آپس میں لڑایا جاسکے۔اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے سندھ دھرتی کے مستقل باشندوں نے شعوری بیداری کا مظاہرہ کیا اور اپنے اتحاد سے سندھ میں لسانی فسادات کرانے کی اس گھناؤنی سازش کو بھی ناکام بنادیا۔

**معزز صحافی حضرات!**

اگر دہشت گردوں کے حملہ میں جسقم کے چیئر مین بشیر خان قریشی کو خدانخواستہ کوئی نقصان پہنچتا تو سندھ دشمن قوتیں اسے فوری لسانی رنگ دیکر سندھ میں قتل وغارتگری کا بازار گرم کردیتیں جیسا کہ وہ ماضی میں کرتی رہی ہیں۔ہم جسقم کے چیئر مین بشیر خان قریشی پر قاتلانہ حملے اور سندھ میں لسانی فسادات کی سازش کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور اس سازش کو موجودہ حکومت اور جمہوریت کے خلاف سازش سمجھتے ہیں۔ہم جمہوریت دشمن قوتوں کو متنبہ کرتے ہیں کہ وہ ایم کیوایم کی پرامن پالیسی کو ہماری کمزوری نہ سمجھیں اور ماضی سے سبق سیکھیں کہ ماضی میں جن عناصر نے ایم کیوایم کو کچلنے، اسے ختم کرنے کی اور سندھ میں لسانی فسادات کرانے کی سازش کی انہیں ناکامی کا سامنا کرنا پڑا اور انشاءاللہ آئندہ بھی سندھ دھرتی کے مستقل باشندوں کو آپس میں لڑانے کی کوئی بھی سازش کامیاب نہیں ہوگی۔ہم سندھ دھرتی کے مستقل باشندوں کو یقین دلاتے ہیں سندھ دھرتی کے سچے سپوت مشتاق خاصخیلی کا لہو ہرگز رائیگاں نہیں جائے گا اور جب تک ایم کیوایم کا ایک بھی کارکن زندہ ہے، ایم کیوایم سندھ دھرتی اور اس کے مستقل باشندوں کے خلاف کی جانے کسی بھی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دے گی اور ایم کیوایم کے کارکنان آخری سانس تک سندھ دھرتی کے حقوق کی جدوجہد کرتے رہیں گے۔

معزز صحافی حضرات!

ہم اس پریس کانفرنس کے ذریعہ صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ اورصوبائی وزیرداخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کرتے ہیں کہ جسقم کے چیئرمین بشیر خان قریشی پر قاتلانہ حملہ اور جسقم کے مقامی رہنماء مشتاق خاصخیلی کی شہادت کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، بشیر قریشی پر قاتلانہ حملے اورمشتاق خاصخیلی کے قتل کی ایف آئی آر فوری درج کی جائے، اس واقعہ کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے، قاتلانہ حملے کے پس پردہ سازش کوعوام کے سامنے بےنقاب کیا جائے اوراس حملہ میں ملوث دہشت گردوں اور انکے سرپرستوں کوگرفتار کرکے قانون کے مطابق سخت ترین سزادی جائے۔

ہم جئے سندھ قومی محاذ ضلع ٹھٹھہ کے آرگنائزر مشتاق خاصخیلی کی شہادت پر جسقم کے تمام رہنماؤں، کارکنوں اور ہمدردوں سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں یقین دلاتے ہیں کہ ایم کیوایم کے تمام کارکنان ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

آخر میں ایک مرتبہ پھر ہم اس پریس کانفرنس میں شرکت کرنے پر آپ کے مشکور ہیں۔

والسلام

رابطہ کمیٹی (پاکستان)

## صدرمملکت آصف علی زرداری کی 54ویں سالگرہ پر الطاف حسین کی مبارکباد

لندن۔۔۔26، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پیپلزپارٹی کے کوچیئرمین وصدرپاکستان آصف علی زرداری کوان کی 54ویں سالگرہ پردلی مبارکباد پیش کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے پیپلزپارٹی کے تمام رہنماؤں اورکارکنان کوآصف علی زرداری کی سالگرہ کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے آصف علی زرداری کی درازی عمراورصحت وتندوستی کیلئے دعا بھی کی۔

## موڑ ایمن آباد گجرانوالہ میں ٹرالرالٹنے کے حادثے میں ایم کیوایم کے تین کارکنان سمیت دیگرافراد کے جاں بحق ہونے پر الطاف حسین کا اظہارافسوس

لندن۔۔۔26، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پنجاب یونٹ دین پورلیہ تحصیل کروڑ کے تین کارکنان محمد سونا، قمرعباس اورامام بخش سمیت دیگرافراد کے موڑ ایمن آباد گجرانوالہ کے قریب ٹرالرالٹنے کے حادثے میں جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کویہ صدمہ برداشت کرنیکا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم پنجاب یونٹ دین پورلیہ تحصیل کروڑ کے تین کارکنان محمد سونا، قمرعباس اورامام بخش ٹرالرالٹنے کے باعث جاں بحق ہوگئے، رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

پنجاب۔۔۔26، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ پنجاب یونٹ دین پورلیہ تحصیل کروڑ کے تین کارکنان محمد سونا، قمرعباس اورامام بخش، موڑ ایمن آباد گجرانوالہ کے قریب ٹرالرگندے نالے میں گرنے کے باعث

جاں بحق ہوگئے۔تفصیلات کے مطابق ایم کیوایم کے کارکنان محمد سونا،قمر عباس اورامام بخش ٹرالر میں اپنا سامان لے کر آرہے تھے کہ ٹرالر موڑ ایمن آباد گجرانوالہ کے قریب واقع گندے نالے میں الٹ گیا جس کے باعث وہ جاں بحق ہوگئے اس حادثے میں ٹرالر میں سوار دیگر 3افراد اور بھی موقع پر جاں بحق ہوئے۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ٹرالر الٹنے کے باعث ایم کیوایم پنجاب یونٹ دین پور لیہ تحصیل کروڑ کے تین کارکنان محمد سونا،قمر عباس اور امام بخش کے سمیت دیگر افراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔دریں اثناء ایم کیوایم پنجاب کی صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی نے ٹرالر کے حادثے میں تین کارکنان کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی مغفرت کیلئے دعا کی۔

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن PTCL یونٹ کے کارکن محمد حسین طارق کام کے دوران کرنٹ لگنے سے انتقال کرگئے،الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔26،جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن PTCL یونٹ کے کارکن محمد حسین طارق گزشتہ روز DP کیبن میں کام کے دوران کرنٹ لگنے سے انتقال کرگئے۔مرحوم کی عمر 38 سال تھی اوران کے سوگواران میں والدین سمیت دو بھائی،تین بہنیں،ایک بیٹا اور دو بیٹیاں شامل ہیں۔مرحوم کو گزشتہ روز شاہ محمد قبرستان نارتھ کراچی میں سپرد خاک کردیا گیا۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کے حق پرست ارکان اسمبلی،ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے اراکین،یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔محمد حسین طارق مرحوم کا سوئم 27 جولائی پیر کو بعد نماز ظہران کی رہائشگاہ واقع R-50 سیکٹر 9 نارتھ کراچی میں ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے محمد حسین طارق کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا ہے اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## ایم کیوایم جہاں آباد یونٹ کے جوائنٹ انچارج کی والدہ اور ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے کارکن محمد حسین طارق کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔26،جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن PTCL یونٹ کے کارکن محمد حسین طارق اور ایم کیوایم جہان آباد یونٹ کے جوائنٹ یونٹ انچارج عبدالحق کی والدہ سکینہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## اسکوائش کے سابق عالمی چیمپئن جہانگیر خان کی والدہ اور ممتاز عالم دین سید سعادت علی قادری کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔26،جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اسکوائش کے سابق ورلڈ چیمپئن جہانگیر خان کی والدہ اور ممتاز عالم دین سید سعادت علی قادری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین اور عقیدت مندوں سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ہے اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## جامعہ کراچی میں آفیسرز الائنس پینل کی کامیابی پر اے پی ایم ایس او کی مبارکباد

کراچی۔۔۔26، جولائی 2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے ترجمان نے جامعہ کراچی میں آفیسرز ایسوسی ایشن کے انتخابات میں آفیسرز الائنس پینل کی کامیابی پر مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں ترجمان نے کہا کہ یہ بات خوش آئند ہے کہ جامعہ کراچی آفیسرز ایسوسی ایشن نے پرامن انتخابات کا انعقاد کیا جس پر ہم انہیں دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی ہے کہ نومنتخب پینل طلبہ وطالبات کے مسائل کو ترجیحی بیناد پر حل کرنے کیلیئے اپنی تمام صلاحیتوں کو استعمال کرے گا۔

☆☆☆☆☆